ضعیف روایات سے پاک

پیارے رسول ﷺ کے

# پیارے وظائف

مع

مجاہدین اور ائمہ مساجد کے لیے دعاؤں کا خصوصی تحفہ

www.KitaboSunnat.com

تالیف

فاروق اصغر صارم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق و اجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّیْ وَلَآ اُشْرِکُ بِہٖٓ اَحَدًا ۝ (الجن)

یقیناً میں تو اپنے رب سے دعا کرتا ہوں اور کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔ (القرآن)

قرآنی آیات اور صحیح احادیث کی روشنی میں

پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے

# پیارے وظائف

مع

مجاہدین اور ائمہ مساجد کی خدمت میں دعاؤں کا خصوصی تحفہ

تالیف

فاروق اصغر صارم

ناشر

ادارہ احیاء التحقیق الاسلامی گوجرانوالہ

فون نمبر :- ۲۱۸۰۹۸ — ۰۴۳۱

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اِس کتاب کی اشاعت و طباعت کے جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

سلسلہ مطبوعات نمبر ۵


نام کتاب: ———— پیارے رسولؐ کے پیارے وظائف۔

مؤلف: ———— فاروق اصغر صارم۔

طبع: ———— اوّل۔

ناشر: ———— ادارہ احیاء التحقیق الاسلامی گوجرانوالہ۔

کتابت: ———— عبدالرؤف ثاقب خوشنویس،

حضرت کیلیانوالہ، ضلع گوجرانوالہ۔



مؤلف کا پتہ:-

محلہ داتا بخش، بڑا گلہ، نوشہرہ روڈ، گوجرانوالہ

فون نمبر ۲۱۸۰۹۸ —— ۰۴۳۱


◎


ہماری کتب ملنے کے پتے

گوجرانوالہ: مکتبہ نعمانیہ اردو بازار — مدینہ کتاب گھر اردو بازار — دفتر دعوت و ارشاد جی ٹی روڈ۔

لاہور: [illegible] سبحانی اکیڈمی مچھلی مارکیٹ — مرکزی دفتر

دعوت و ارشاد [illegible] روڈ — مکتبہ [illegible] — مکتبہ [illegible] شیش محل روڈ — مکتبہ دار السلام غزنی سٹریٹ

فیصل آباد: [illegible] — [illegible] بک ڈپو [illegible] — مکتبہ فیض الاسلام اردو بازار لاہور

مکتبہ [illegible] ماڈل ٹاؤن۔ لاہور

نمبر ........................


" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# فہرست


| شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | ابتدائیہ۔ | ۶ |
| ۲ | فضیلتِ ذکر۔ | ۷ |
| ۳ | دُعا کرنے کی اہمیت فضیلت اور آداب | ۸ |
| ۴ | منتخب قرآنی دُعائیں۔ | ۱۰ |
| ۵ | وضوء سے پہلے کی دُعاء | ۱۲ |
| ۶ | وضوء سے فارغ ہونے کے بعد کی دُعاء | ۱۲ |
| ۷ | گھر سے نکلتے وقت کی دُعاء۔ | ۱۳ |
| ۸ | گھر میں داخل ہوتے وقت کی دُعاء۔ | ۱۳ |
| ۹ | مسجد میں داخل ہونے کی دُعاء۔ | ۱۴ |
| ۱۰ | مسجد سے نکلنے کی دُعاء | ۱۴ |
| ۱۱ | اذان سے متعلق دُعائیں۔ | ۱۴ |
| | **نماز** | ۱۶ |
| ۱۲ | دُعائے استفتاح۔ | ۱۶ |
| ۱۳ | ثناء۔ | ۱۶ |
| ۱۴ | سورت فاتحہ۔ | ۱۷ |
| ۱۵ | رکوع کی دُعائیں | ۱۹ |
| ۱۶ | قومہ کی دُعائیں | ۲۰ |
| ۱۷ | سجدے کی دُعائیں۔ | ۲۰ |
| ۱۸ | دو سجدوں کے درمیان کی دُعاء۔ | ۲۱ |
| ۱۹ | تشہد۔ | ۲۱ |
| ۲۰ | درود شریف۔ | ۲۲ |
| ۲۱ | تشہد کی دُعائیں۔ | ۲۳ |
| ۲۲ | سلام | ۲۴ |
| | **نماز کے بعد کے وظائف** | ۲۴ |
| ۲۳ | تکبیر و تحمید اور ذکر۔ | ۲۴ |
| ۲۴ | آیت الکرسی۔ | ۲۷ |
| ۲۵ | قنوتِ وتر۔ | ۲۸ |
| ۲۶ | وتر کے بعد کی دُعاء۔ | ۲۹ |
| ۲۷ | دُعائے استخارہ۔ | ۲۹ |
| | **صبح و شام کے وظائف** | ۳۱ |
| ۲۸ | تسبیح و تہلیل اور استغفار | ۳۱ |
| ۲۹ | رات کو سوتے وقت کے وظائف۔ | ۳۵ |


" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com




| شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| | **خاص موقعوں کی دُعائیں** | ۳۸ |
| ۳۰ | کھانے پینے سے پہلے کی دُعاء۔ | ۳۸ |
| ۳۱ | کھانے پینے کے بعد کی دُعاء۔ | ۳۹ |
| ۳۲ | دُودھ پینے کی دُعاء۔ | ۳۹ |
| ۳۳ | کھانا کھلانے والے کے لئے دعاء۔ | ۳۹ |
| ۳۴ | نیند سے جاگتے وقت کی دُعاء۔ | ۴۰ |
| ۳۵ | قضائے حاجت سے متعلق دُعاء۔ | ۴۱ |
| ۳۶ | چھینک سے متعلق ذکر۔ | ۴۱ |
| ۳۷ | شادی کرنے والے کے لئے دُعاء۔ | ۴۲ |
| ۳۸ | تعزیت کی دُعاء۔ | ۴۲ |
| ۳۹ | کفارہ مجلس کی دُعاء۔ | ۴۳ |
| ۴۰ | سفر اور سواری کے متعلق دُعاء۔ | ۴۳ |
| ۴۱ | بازار میں داخل ہونے کی دُعاء۔ | ۴۵ |
| ۴۲ | کپڑا پہننے اور اتارنے سے متعلق دُعاء۔ | ۴۵ |
| ۴۳ | آئینہ دیکھنے کی دُعاء۔ | ۴۶ |
| ۴۴ | بارش کی دُعائیں۔ | ۴۶ |
| ۴۵ | مُرغ اور گدھے کی آواز سننے پر دُعاء۔ | ۴۷ |
| ۴۶ | روزہ افطار کرنے کی دُعاء۔ | ۴۷ |
| ۴۷ | لیلۃ القدر کی دُعاء۔ | ۴۸ |
| | **عام دُعائیں** | ۴۸ |
| ۴۸ | والدین کے لئے دُعاء۔ | ۴۸ |
| ۴۹ | ادائیگی قرض کی دُعاء۔ | ۴۹ |
| ۵۰ | مشکل کے حل کی دُعاء۔ | ۴۹ |
| ۵۱ | تھکاوٹ دُور کرنے کی دُعاء۔ | ۵۰ |
| ۵۲ | نماز تسبیح (فضیلت وطریقہ)۔ | ۵۰ |
| ۵۳ | سجدۂ تلاوت کی دُعاء۔ | ۵۱ |
| ۵۴ | جنّت کا خزانہ۔ | ۵۱ |
| ۵۵ | سیّد الاستغفار۔ | ۵۱ |
| ۵۶ | بہت رزقی وظیفہ۔ | ۵۲ |
| | **مرض اور موت سے متعلق دُعائیں** | ۵۲ |
| ۵۷ | غم اور بیقراری کی دُعاء۔ | ۵۳ |
| ۵۸ | جسم کے کسی حصّہ میں درد کا دَم۔ | ۵۴ |
| ۵۹ | نظرِ بد کا دَم۔ | ۵۴ |
| ۶۰ | پھوڑے پھنسی اور زخم کا دَم۔ | ۵۴ |
| ۶۱ | بڑی اور بُری بیماریوں سے بچنے کی دُعاء | ۵۵ |
| ۶۲ | جبریلؑ کا دَم۔ | ۵۵ |
| ۶۳ | گھر یا جسم پر جادو کے اثرات کا علاج۔ | ۵۵ |
| ۶۴ | سانپ، بچھو، بھڑ وغیرہ کے ڈنگ کا دَم۔ | ۵۶ |
| ۶۵ | بخار کا دَم۔ | ۵۶ |
| ۶۶ | بیمار پُرسی کے وقت کی دُعاء۔ | ۵۶ |
| ۶۷ | قریب الوفات کو تلقین۔ | ۵۷ |
| | **اسمائے حُسنیٰ** | ۵۸ |


" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com




| شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| | **جنازے کی دُعائیں** | ۶۲ |
| ۶۸ | جنازے کی مختلف دُعائیں۔ | ۶۲ |
| ۶۹ | میت کو قبر میں اتارتے وقت کی دُعاء۔ | ۶۹ |
| ۷۰ | قبروں کی زیارت کی دُعاء۔ | ۶۹ |
| ۷۱ | تعزیت کی دُعاء۔ | ۷۰ |
| | **مجاہدین کیلئے دُعائیں** | ۷۰ |
| ۷۲ | قنوت نازلہ۔ | ۷۰ |
| | **ائمہ مساجد کیلئے تحفہ** | ۸۵ |
| ۷۳ | قرآن سے متعلق دُعاء۔ | ۸۵ |
| ۷۴ | رمضان سے متعلق دُعاء۔ | ۸۷ |
| ۷۵ | مریض سے متعلق دُعاء۔ | ۸۸ |
| ۷۶ | طلبِ رحمت ومغفرت۔ | ۸۹ |
| ۷۷ | چند مشہور ضعیف دُعائیں۔ | ۹۴ |


" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# اِبتدائیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنْ لَّا نَبِيَّ بَعْدَهٗ

یہ کتاب "پیارے رسول کے پیارے وظائف" آپ کے ہاتھوں میں ایک خوبصورت اور متبرک گلدستہ ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعدد اہم اذکار، وظائف اور دعاؤں کے حسین و جمیل اور مہکتے، مہکتے رنگارنگ پھول جمع کر دیئے گئے ہیں، جن کی بھینی بھینی خوشبوؤں سے ہر مسلمان اپنے دل و دماغ کو ہر وقت معطر رکھ سکتا ہے۔

یہ کتاب وضو، نماز، جنازے کی دعاؤں کا مجموعہ ہے۔ صبح و شام، عام و خاص مواقع کے وظائف کا مرقع ہے۔ متعدد بیماریوں کے دم اور علاج پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ کتاب کے آخر میں قنوتِ نازلہ کا باب ہے جس میں اسلام اور اہلِ اسلام کے غلبہ اور کفر و کفار کی شکست و ریخت کے لئے عموماً اور مجاہدین اسلام کی فتح و کامرانی کے لئے خصوصاً دعائیہ کلمات شامل کئے گئے ہیں۔ اور سب سے آخر میں ائمہ مساجد کی خدمت میں جامع کلمات پر مشتمل دعائیں بطور تحفہ پیش کی گئی ہیں جنھیں ہمارے ائمہ مساجد اور مجاہدین بھائی یقیناً قبول فرمائیں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں کے اندراج میں ہم نے روایات کی صحت کا خصوصی خیال رکھا ہے اور ان کے حوالہ جات بڑے اہتمام سے درج کئے ہیں تاکہ اصل کتاب سے تلاش میں آسانی رہے۔ روایات کی صحت میں علامہ البانی مرحوم کی تحقیق کو اہمیت دی ہے۔ موصوف کے علاوہ معتبر محدثین کی تحقیق کو بھی ہم نے قبول کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب کو شرفِ قبولیت بخشے اور ہم سب کے لئے آخرت میں ذریعۂ نجات بنائے۔ آمین!

طالبِ دعاء

فاروق اصغر صارم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# فضیلتِ ذکر

## ذکر کرنا اللہ تعالیٰ کا حکم ہے

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ۝[1]

تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا اور میرا شکر ادا کرو اور مجھ سے کفر نہ کرو۔

## ذکر کرنے والوں کیلئے بشارت

اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے:

وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ

اور جو مرد اللہ تعالیٰ کا بہت ذکر کرتے ہیں اور جو عورتیں اللہ کا ذکر کرتی ہیں اللہ تعالیٰ نے اُن کے لئے

مَغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ۝[2]

بخشش اور بہت بڑا اجر تیار کر رکھا ہے۔

## ذکر کرنے والا زندہ اور ذکر نہ کرنے والا مُردہ ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص کی مثال جو اپنے رب کو یاد کرتا ہے، اور جو شخص اپنے رب کو یاد نہیں کرتا زندہ اور مُردہ شخص کی طرح ہے۔[3]

---

[1] بقرہ آیت ۱۵۲، [2] احزاب ۳۵، [3] صحیح البخاری ۱۱/۲۰۸

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# دُعا کرنے کی اہمیت و فضیلت

**دُعا عبادت ہے**، سیدنا نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "بیشک دُعا عبادت ہے"۔ پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی:

**وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ**

تمھارے رب نے کہا ہے مجھ سے دُعا کرو میں تمھاری دُعا قبول کروں گا۔

**اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے** سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص اللہ تعالیٰ سے نہیں مانگتا اللہ تعالیٰ اُس سے ناراض ہوتا ہے[۴]۔"

**دُعا اللہ کے نزدیک عزّت والا عمل ہے** سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "اللہ کے نزدیک دُعا سے زیادہ عزت والی کوئی شے نہیں[۵]۔"

**دُعا تقدیر کو لوٹا سکتی ہے** سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تقدیر کو دُعا کے سوا کوئی چیز نہیں لوٹا سکتی[۶]۔"

**دُعا تمام آفات کے لئے فائدہ مند ہے** سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "دُعا نازل شدہ اور آنے والی آفات کے لئے نفع بخش ہے[۷]۔"

---

[۳] صحیح ترمذی ۳/۱۳۸ [۴] ایضاً [۵] ایضاً [۶] صحیح ترمذی ۲/۲۲۵ [۷] صحیح ترمذی ۳/۱۷۸۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

**دُعا کرنے والا محروم نہیں ہوتا** سیّدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا رب بہت حیا کرنے والا ہے اور کریم ہے۔ جب بندہ اس کی طرف ہاتھ اٹھاتا ہے تو اُسے شرم آتی ہے کہ اُسے خالی ہاتھ لوٹائے۔[9]

---

# آدابِ دُعا

① دُعا کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی تعریف اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر دُرود پڑھا جائے۔[10]

② دُعا کرتے وقت قبولیت کا مکمل یقین رکھنا چاہیے اور جلد بازی سے کام نہ لے۔[11]

③ دُعا پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ کرنی چاہیے۔[12]

④ دُعا میں اپنی غلطی اور گناہ کا اقرار اور ندامت کا اظہار کرنا چاہیے۔ حضرت آدمؑ کا بھی انداز تھا۔[13]

⑤ دُعا کے لئے اگر ہاتھ اٹھائے تو چہرے پر پھیرے۔[14]

# قبولیتِ دُعا کے اہم اوقات

① اذان اور اقامت کے درمیان۔[15]　② فرض نمازوں کے بعد۔[16]

③ رات کے وقت آخری تہائی حصہ میں۔[17]　④ سجدہ کی حالت میں۔[18]

⑤ جمعہ کے دن (غالباً عصر سے غروبِ آفتاب تک)۔[19]

⑥ میدانِ جہاد میں جب گھمسان کی جنگ ہو۔[20]

⑦ بارش نازل ہوتے وقت۔[21]　⑧ میدانِ عرفات میں ۹ ذوالحجہ کے دِن۔[22]

---

[9] صحیح ابن ماجہ ۲/۳۳۱ [10] صحیح ترمذی ۳/۱۴۳ [11] صحیح بخاری ۲/۳۰۷ [12] ایضاً [13] اعراف ۲۳ [14] حسن قالہ ابن حجر فی بلوغ المرام [15] صحیح ترمذی ۱/۶۰ [16] صحیح ترمذی ۴/۲۵۰ [17] بخاری مع الفتح ۳/۲۹ [18] صحیح مسلم ۱/۱۹۱ [19] بخاری مع الفتح ۲/۴۱۵ [20] ابوداؤد مع العون ۲/۳۲۷ [21] ابوداؤد مع العون ۲/۳۲۷ [22] صحیح مسلم ۲/۳۲۶۔

www.KitaboSunnat.com



⑨ مظلوم کی دُعا، جب اس پر ظلم کیا گیا ہو[۲۳] ⑩ مسافر کی دُعا، حالتِ سفر میں، اور باپ کی بیٹے کے حق میں[۲۴]

## جن لوگوں کی دُعا قبول نہیں ہوتی

① جو غفلت اور لاپرواہی سے دُعا کرتے[۲۵] ② جو رزق حرام کھائے[۲۶]

# منتخب قرآنی دُعائیں

## ۱۔ دُنیا و آخرت کی بھلائی کی دُعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

ہمارے رب! عطا کر ہمیں دُنیا میں اچھائی اور آخرت میں اچھائی۔

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ[۱]

اور بچا ہمیں آگ کے عذاب سے۔

## ۲۔ استقامت کی دُعا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا

اے ہمارے رب! نہ ٹیڑھا کرنا ہمارے دلوں کو بعد اس کے کہ تو نے ہمیں ہدایت دی اور دے ہمیں

[۲۳] صحیح ابن ماجہ ۳۳۱/۲ [۲۴] صحیح ابن ماجہ ۳۳۱/۲ [۲۵] صحیح ترمذی ۱۶۳/۳ [۲۶] صحیح مسلم

[۱] بقرہ ۲۰۱۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ○

اپنی طرف سے رحمت یقیناً تو عطا کرنے والا ہے۔

## ۳۔ مجاہدین کی دُعاء

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِي أَمْرِنَا وَثَبِّتْ

ہمارے رب معاف کر ہمارے گناہوں کو اور زیادتیوں کو ہمارے معاملہ میں اور ثابت قدم

أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِينَ ○

رکھ ہمیں اور فتح دے ہمیں کافر قوم پر۔

## ۴۔ معافی کے لئے درخواست

رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا ۫ وَإِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا

اے رب! ہم نے ظلم کیا اپنی جانوں پر اور اگر نہ معاف کیا تو نے ہمیں اور نہ رحم کیا

لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخٰسِرِينَ ○

تو ہم ہوں گے خسارہ پانے والوں میں سے۔

## ۵ والدین کے لئے دُعاء

رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِي صَغِيرًا ○

میرے رب! ان پر رحم فرما جیسے انھوں نے مجھے بچپن میں پالا۔

(حوالہ جات اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



۱۰۔ علم میں اضافہ کی دُعا۔

رَّبِّ زِدْنِی عِلْمًا ۝

میرے رب زیادہ کر میرا علم۔

وضو سے پہلے ذکر بِسْمِ اللّٰهِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مکمل بھی درست ہے)۔[۱]

وضو سے فارغ ہونے کے بعد کی دُعا۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ

اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

کے سوا کوئی الٰہ نہیں۔ وہ اکیلا ہے۔ اُس کا کوئی شریک نہیں۔ اور میں گواہی دیتا ہوں بیشک محمدؐ

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

اُس کے بندے اور اُس کے رسول ہیں[۲]

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ

اے اللہ! کر دے مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں سے۔ اور کر دے مجھے بہت

حاشیہ صفحہ گزشتہ:۔ [۲] آلِ عمران: ۸ [۳] آلِ عمران: ۱۴۷ [۴] اعراف: ۲۳ [۵] بنی اسرائیل: ۲۴۔

[۶] طٰہٰ: ۱۱۴ ۞

حاشیہ صفحہ ہذا:۔ [۱] ابوداؤد: ۳۷/۱ [۲] صحیح مسلم: ۱۲۲/۱ ۞

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# اَلْمُتَطَهِّرِیْنَ۔

پاک رہنے والوں میں سے۔

**فضیلت** حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا جس نے یہ کلمات کہے اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھل جائیں گے۔ وہ جس میں چاہے داخل ہو۔[1]

## گھر سے نکلتے وقت کی دعا۔

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ

ساتھ نام اللہ کے۔ میں نے بھروسہ کیا اللہ پر

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ[2]

نہ برائی سے بچنے کی اور نہ نیکی کی قوت ہے مگر ساتھ اللہ کے۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص یہ کلمات کہے گا اس کے حق میں کہا جاتا ہے، تیری رہنمائی کی گئی۔ تو محفوظ ہو گیا، تو بچا لیا گیا۔ اور شیطان اس سے الگ ہو جاتا ہے۔ دوسرا شیطان اسے کہتا ہے تم اس شخص پر کیسے مسلط ہو سکتے ہو جس کی رہنمائی کی گئی، جو محفوظ ہو گیا اور جو بچا لیا گیا۔

## گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلِجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ

اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے داخل ہونے کی بہتری کا اور نکلنے کی بہتری کا اللہ کے نام کے ساتھ ہم داخل ہوتے اور اللہ کے نام کے ساتھ[3]

[1] صحیح ترمذی: ۱/۱۸ [2] ایضاً [3] ابو داؤد ۴/۳۸۶ ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا۔ ۱؎

ہم نکلے اور ہم نے اللہ پر جو ہمارا رب ہے توکل کیا۔

**مسجد میں داخل ہونے کی دعاء** اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِي

الٰہی! کھول دے میرے لئے

أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ۔ ۲؎

اپنی رحمت کے دروازے۔

**مسجد سے نکلنے کی دعاء** اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ

الٰہی! میں آپ کا فضل چاہتا

فَضْلِكَ ۔ ۳؎

ہوں۔

---

# اذان سے متعلق دعائیں

۱- اذان کے جواب میں وہ کلمہ کہا جائے جو مؤذن کہے۔ البتہ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ اور حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے جواب میں یہ کلمہ کہا جائے:

۱؎ ابوداؤد ۴/۲۰۹ ۲؎ صحیح مسلم ۱/۲۴۸ ۳؎ مشکوٰۃ باب المساجد ومواضع الصلوٰۃ الفصل اول۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

نہیں ہے (ہر قسم کے) گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ تعالیٰ کی توفیق کے سوا۔

۲۔ پھر درود شریف پڑھے لہ

۳۔ پھر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ

اے اللہ مالک اس پکار پوری کے اور نماز قائم رہنے

الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَا نِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَ

والی کے دیجئے حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو مقام وسیلہ اور فضیلت اور

ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ

سرفراز فرما (شفاعت کے) "مقام محمود" پر جس کا وعدہ کیا آپ نے اُن سے۔ یقیناً

لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

آپ وعدہ خلافی نہیں کرتے۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس نے اذان سُن کر مجھ پر درود پڑھا۔ پھر یہ مذکورہ دُعا پڑھی، اُس کے لئے روزِ قیامت میری شفاعت حلال ہوگی۔" نیز فرمایا: "وہ جنت میں داخل ہوگا۔"

له مشکوٰۃ باب الاذان واجابۃ المؤذن ٢ه صحیح بخاری ۱/۸۶ ٣ه مشکوٰۃ باب فضل الاذان فصل اوّل۔ صحیح بخاری ۱/۸۶ ٤ه بیہقی ۱/۴۱۰ اسنادہ جید قالہ ابن باز فی تحفۃ الاخیار ٥ه مسلم ۱/۱۶۶

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# نماز کے وظائف

**دُعائے استفتاح** تکبیر تحریمہ کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ دُعا پڑھا کرتے تھے :

اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ

اے اللہ! دُوری ڈال درمیان میرے اور میرے گناہوں کے جس قدر کہ دُور رکھا ہے

بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔ اَللّٰهُمَّ نَقِّنِيْ مِنَ

آپ نے مشرق کو مغرب سے ۔ یا اللہ! صاف کر دے مجھے میرے

الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ

گناہوں سے جس طرح صاف کیا جاتا ہے کپڑا سفید میل کچیل سے ۔

اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ۔

یا اللہ! دھو ڈال میرے گناہ پانی ، برف اور اولوں سے ۔

**ثناء** سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ

پاک ہے تو اے اللہ! اور آپ کی ہی حمد ہے اور بابرکت ہے

اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ۔

نام آپ کا اور بلند ہے آپ کی شان ۔ اور نہیں کوئی عبادت کے لائق آپ کے سوا ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ فاتحہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا رحم والا نہایت مہربان ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

ہر طرح کی تعریف ہے اللہ کیلئے جو پالنے والا ہے تمام کائنات کا۔ نہایت رحم والا بڑا مہربان۔

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ

مالک ہے دن جزا کا۔ تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے ہم

نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝

مدد چاہتے ہیں۔ دکھا تو ہمیں راہ سیدھی۔

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ

راہ اُن کی کہ انعام فرمایا آپ نے اُن پر۔ نہ اُن کی کہ

الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْن

غضب نازل ہوا اُن پر اور نہ گمراہوں کی۔ دعا قبول فرما

**فضیلت** حضرت عُبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو سورۃ فاتحہ نہ پڑھے"[۱]

حاشیہ گزشتہ صفحہ: [۱] صحیح بخاری ج۲ [۲] صحیح ترمذی ج۲ - حاشیہ صفحہ ہذا: [۱] صحیح البخاری ۱/۲۰۲-

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے ۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ

(اے رسول) کہہ دو وہ اللہ ایک ہے ۔ اللہ بے نیاز ہے ۔ نہ اس نے کسی کو جنا ،

وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

اور نہ اسے کسی نے جنا ۔ اور نہ ہے اس کا ہمسر کوئی ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ رحمان و رحیم کے نام سے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ

(اے رسول) کہہ دو میں پناہ لیتا ہوں رب صبح کی ہر مخلوق کی تکلیف سے ۔

وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ

اور اندھیرے کی آفتوں سے جب وہ چھائے اور جادوگرنیوں کے شر سے

النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ

جو گرہوں میں پھونکتی ہیں ۔ اور حاسد کی شرارت سے بھی

اِذَا حَسَدَ ۝

جب وہ حسد کرے ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ رحمٰن ورحیم کے نام سے ۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِكِ النَّاسِ ○

(اے رسول) کہہ دو میں پناہ لیتا ہوں لوگوں کے رب ، لوگوں کے بادشاہ ،

اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ○

لوگوں کے معبود کی ۔ اُس شیطان کی شرارت سے جو وسوسے ڈال کر پیچھے ہٹ جاتا ہے ۔

الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ

جو وسوسے ڈالتا ہے لوگوں کے سینوں میں ۔ (وہ شیطان)

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○

جنوں سے ہو یا انسانوں سے ۔

## رکوع کی دعائیں

۱۔ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِيْمِ ؕ

پاک ہے میرا رب عظیم ۔ (کم از کم تین مرتبہ پڑھیں)

۲۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ

پاک ہے تُو اے اللہ ! ہمارے رب اور اپنی تعریف کے ساتھ اے اللہ

اغْفِرْلِیْ ؕ

بخش دے مجھے ۔

۱؎ صحیح ترمذی ۱/۸۳ ۔ ۲؎ صحیح بخاری ۱/۱۰۹

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



۲۔ سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوحِ[1]

بہت پاک ، بہت مقدس ، رب فرشتوں کا اور روح القدس (جبریلؑ) کا

## قومہ (رکوع سے اٹھنے) کی دعائیں

۱۔ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ط رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ[2]

سُن لیا اللہ نے ، جس نے اُس کی تعریف کی۔ اے ہمارے رب اور تیرے لئے تمام تعریف ہے۔

۲۔ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيهِ[3]

اے ہمارے رب! اور تیرے ہی لئے تمام تعریف ہے ، تعریف بہت زیادہ ، پاکیزہ ، بابرکت۔

**فضیلت**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ایک صحابی کو حالت نماز میں یہ کلمے پڑھتے سنا تو فرمایا: "میں نے تیس[30] سے زیادہ فرشتوں کو ان کلمات کا ثواب لکھنے میں سبقت حاصل کرتے دیکھا"[4]

## سجدے کی دعائیں

۱۔ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى[5]

پاک ہے میرا اعلیٰ رب (کم از کم تین مرتبہ پڑھیں)۔

[1] صحیح مسلم ۱/۱۹۲ [2] صحیح بخاری ۱/۱۰۹ [3] صحیح البخاری ۱/۱۱۰ [4] صحیح بخاری ۱/۱۱۰ [5] صحیح ترمذی ۱/۸۳

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



۲۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ کُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَاَوَّلَهٗ
یااللہ! معاف کر دے میرے تمام گناہ چھوٹے اور بڑے اور پہلے

وَاٰخِرَهٗ وَعَلَانِیَتَهٗ وَسِرَّهٗ۔[1]
اور پچھلے ظاہر اور پوشیدہ۔

۳۔ حالتِ رکوع کی دوسری اور تیسری دعا بھی سجدہ میں پڑھنا درست ہے۔

## دو سجدوں کے درمیان کی دعا

اَللّٰھُمَّ
الٰہی!

اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَارْفَعْنِیْ وَاهْدِنِیْ
مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور میرے نقصان پورے کر اور مجھے بلندی عطا کر اور مجھے

وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔[2]
ہدایت دے اور صحت دے اور رزق دے۔

## تشہد

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ
سب زورو وظیفے اللہ کیلئے ہیں اور سب عجز و نیاز اور سب صدقے خیرات بھی۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَ
سلام ہو تجھ پر اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) اور رحمت اللہ کی اور

[1] صحیح مسلم ۱/۱۹۱ [2] صحیح مسلم ۲/۳۴۵۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ

اس کی برکتیں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

میں اقرار کرتا ہوں کہ نہیں لائق عبادت کے مگر اللہ اور اقرار کرتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

الٰہی! رحم و کرم فرما حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور حضرت

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر جس طرح کہ آپ نے رحم و کرم فرمایا حضرت ابراہیم (علیہ السلام) پر اور حضرت

اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر۔ بیشک آپ ہیں تعریف کے لائق بزرگی والے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ! برکت نازل فرما حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر۔

بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ

جس طرح آپ نے برکت نازل کی حضرت ابراہیم (علیہ السلام) پر اور حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر۔ بیشک آپ ہیں

[1] صحیح بخاری ۱/۱۱۵۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

تعریف کے لائق بزرگی والے۔

## تشہد کی دعائیں

۱۔ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَ
اے میرے رب بنا دے مجھے نماز قائم کرنے والا اور

مِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ
میری اولاد کو بھی۔ اے ہمارے رب اور قبول فرما میری دعا۔ ہمارے رب معاف کر دے

لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ○
مجھے اور میرے والدین کو اور مومنوں کو جس دن حساب ہوگا۔[1]

۲۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ
اے اللہ! یقیناً میں تیری پناہ چاہتا ہوں عذاب قبر سے

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَاَعُوْذُ بِكَ
اور تیری پناہ چاہتا ہوں عذاب جہنم سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں

مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ
مسیح دجال کے فتنے سے اور پناہ چاہتا ہوں

مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
زندگی اور موت کے فتنے سے۔ اے اللہ بیشک میں

[1] سورۃ ابراہیم، آیت ۴۰۔۴۱۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ[۱]

آپ کی پناہ میں آتا ہوں گناہوں سے اور قرض سے۔

۲۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي ظُلْمًا كَثِيرًا وَّلَا

الٰہی! مَیں نے ظلم کئے اپنی جان پر ظلم بہت اور نہیں

يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ فَاغْفِرْ لِي مَغْفِرَةً مِّنْ

بخش سکتا کوئی گناہ آپ کے سوا۔ تو مجھے خاص بخشش سے نواز اپنے

عِنْدِكَ وَارْحَمْنِي إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ[۲]

ہاں سے اور رحم فرما مجھ پر بیشک تو ہی بخشنے والا مہربان ہے۔

نوٹ:۔ ان کے علاوہ اور بھی دعائیں جو احادیث میں آئی ہیں پڑھ سکتے ہیں۔

## سلام

دعاؤں سے فارغ ہو کر دائیں اور بائیں جانب منہ پھیرتے ہوئے یہ کلمہ کہیں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ[۳]

سلام ہو تم پر اور رحمت ہو اللہ کی۔

## نماز کے بعد کے وظائف

۱۔ اَللّٰهُ أَكْبَرُ[۴]

اللہ بہت بڑا ہے (بلند آواز سے پڑھیں)

[۱] صحیح بخاری ۱/۱۱۵ [۲] صحیح بخاری ۱/۱۱۵ [۳] ابو داؤد مع العون ۱/۳۷۸ [۴] صحیح بخاری ۱/۱۱۶۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



۲۔ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ (تین مرتبہ پڑھیں، پھر) أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

بخشش مانگتا ہوں اللہ سے۔ بخشش مانگتا ہوں اُس اللہ سے

الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ

جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ قائم ہے میں اُس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

**فضیلت** یہ کلمات کہنے والے کو معاف کر دیا جاتا ہے اگرچہ وہ جنگ سے بھی بھاگ گیا ہو۔ (ابوداؤد مع العون ۱/۵۶۰)

---

۳۔ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ

الٰہی! آپ سلامتی والے ہیں اور آپ سے سلامتی حاصل ہوتی ہے آپ بابرکت

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ [۱]

ہیں اے بزرگی اور عزت والے!

۴۔ رَبِّ أَعِنِّي عَلَىٰ ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ

الٰہی مجھے مدد دے کہ میں آپ کی یاد، آپ کا شکر اور آپ کی خوب

عِبَادَتِكَ [۲]

عبادت کرتا رہوں۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذؓ بن جبل کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا مجھے تم سے محبت ہے۔ میں نے کہا مجھے بھی آپؐ سے محبت ہے فرمایا

[۱] صحیح مسلم ۱/۲۱۸ [۲] ایضاً [۳] ایضاً [۴] ابوداؤد ۱/۵۶۱

www.KitaboSunnat.com



نماز کے بعد ہمیشہ یہ کلمے پڑھا کرو۔

۵۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کی بادشاہی ہے

وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ

اور وہی سزاوار حمد و ثنا ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔ الٰہی!

لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَ

نہیں کوئی روک سکتا جو آپ عطا کریں اور نہیں کوئی دے سکتا جو چیز آپ روک دیں اور

لَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ۔[1]

نہیں فائدہ دے سکتی کسی دولت مند کو آپ کے عذاب سے دولت۔

۶۔ سُبْحٰنَ اللّٰهِ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۳۳ مرتبہ

اللہ پاک ہے — ہر تعریف اللہ ہی کیلئے ہے — اللہ بہت بڑا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہی ہے

وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ[2] ایک مرتبہ

اور وہی سزاوار حمد و ثنا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

[1] صحیح بخاری ۱/۱۱۷، [2] صحیح مسلم ۱/۲۱۹۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**فضیلت** حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ان کلمات کا نماز کے بعد وظیفہ کرے گا اُس کے گناہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں گے تو بھی بخش دیئے جائیں گے۔

۷۔ سورت اخلاص، سورت فلق، سورت ناس۔ یہ تینوں سورتیں ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ لیکن مغرب اور فجر کی نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں، ہر مرتبہ ہاتھوں پر پھونک مار کر پورے جسم پر پھیریں[1]

## ۸۔ آیت الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

اللہ، نہیں ہے کوئی معبود مگر وہی۔ زندہ ہے تھامنے والا۔

لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ

نہیں آتی ہے اُس پر اُونگھ اور نہ نیند۔ اُسی کا ہے جو آسمانوں میں ہے اور

مَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا

جو زمین میں ہے۔ کون ہے وہ جو سفارش کر سکے اُس کے ہاں مگر

بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا

اُس کی اجازت سے۔ جانتا ہے سب جو اُن کے سامنے ہے اور جو اُن کے پیچھے۔ اور نہیں

یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ

احاطہ کر سکتے کسی چیز کا اُس کی معلوم چیزوں سے مگر جس قدر وہ چاہے۔ چھائی ہوئی ہے

[1] صحیح ترمذی ۸/۲

www.KitaboSunnat.com



كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا

اُس کی کرسی آسمانوں پر اور زمین پر۔ اور نہیں تھکا سکتی اس کی حفاظت اُن دونوں کی

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○

اور وہ بلند ہے عظمت والا۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص آیت الکرسی ہر نماز کے بعد پڑھے گا۔ اُس کے جنت میں جانے کے لئے صرف موت ہی رکاوٹ ہے[1]

**قنوتِ وتر کی دعاء**

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ

یا اللہ! ہدایت دے مجھے اُن میں (داخل کر کے) جن کو آپ نے ہدایت دی

وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ

اور عافیت دے مجھ کو اُن میں جن کو آپ نے عافیت دی اور کارساز بن میرا اُن میں جن کا آپ نے کارسازی فرمائی

وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَعْطَيْتَ وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ

اور برکت دیجیو میرے لئے اس میں جو مجھے دے رکھا ہے آپ نے اور بچا مجھ کو اس تکلیف سے جس کا آپ نے فیصلہ کر رکھا

فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ اِنَّهٗ لَا يَذِلُّ

ہے اس لئے کہ آپ خود فیصلہ کرتے ہیں اور نہیں فیصلہ کیا جا سکتا آپ کے فیصلہ کے خلاف بلاشبہ ذلیل نہیں ہوتا وہ

مَنْ وَّالَيْتَ وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا

جس سے آپ محبت کریں اور نہیں عزت پا سکتا جس سے آپ دشمنی رکھیں۔ برکت والے ہیں آپ اے ہمارے رب

[1] سنن النسائی۔ صحیح الجامع للالبانی ۶۴۶۴/۵

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَتَعَالَيْتَ نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوبُ إِلَيْكَ وَصَلَّى اللّٰهُ

اور بلند ہیں، ہم سب آپ سے بخشش چاہتے ہیں اور رجوع کرتے ہیں آپ کی طرف اور رحمت اللہ کی

عَلَى النَّبِيِّ[1]

نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) پر۔

**وتروں کے بعد کی دعا۔**

سُبْحٰنَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ۔

پاک ہے بادشاہ مقدس۔

مسنون طریقہ:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کلمہ تین مرتبہ پڑھتے۔ تیسری مرتبہ بلند آواز سے پڑھتے اور آواز لمبی کرکے یہ فرماتے:

رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوحِ[2]۔

فرشتوں اور جبریل کا رب۔

**دعائے استخارہ**

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں دعائے استخارہ اس طرح سکھلاتے تھے جس طرح قرآن مجید کی کوئی سورۃ سکھلاتے۔ اور ارشاد فرماتے کہ جس کو کوئی حاجت ہو وہ (فرض نماز کے علاوہ) دو رکعت نماز ادا کرے۔ پھر یہ دعا پڑھے۔ اور "هٰذَا الْاَمْرَ" کی جگہ اپنی حاجت کا نام لے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ

اے اللہ! میں آپ سے آپ کے علم کی بدولت بھلائی چاہتا ہوں۔ اور آپ کی قدرت کی برکت سے

[1] صحیح ترمذی ۱/۱۴۴ [2] دارقطنی قال ابن القیم صحیح۔ زاد المعاد ۱/۳۳۷۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بِقُدْرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيمِ۔

طاقت مانگتا ہوں اور آپ سے بڑا فضل چاہتا ہوں۔

فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ

کیونکہ آپ طاقت رکھتے ہیں اور میں کمزور ہوں اور آپ جانتے ہیں اور میں نادان ہوں۔

وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ۔ اَللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ

اور آپ چھپی ہوئی چیزیں بھی جانتے ہیں۔ الٰہی! اگر آپ کے علم میں میرا

أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِّي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَ

یہ کام بہتر ہے میرے لئے دین اور دنیا اور

عَاقِبَةِ أَمْرِي فَاقْدُرْهُ لِي وَيَسِّرْهُ لِي ثُمَّ

انجام کار میں تو مقدر کر اس کو اور آسان کر اس کو میرے لئے پھر

بَارِكْ لِي فِيهِ وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ

مجھے اس میں برکت عطا کر اور اگر آپ کے علم میں یہ کام

شَرٌّ لِّي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي

بُرا ہے میرے لئے دین اور دنیا اور انجام کار میں

فَاصْرِفْهُ عَنِّي وَاصْرِفْنِي عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ

تو دور کر دیجئے اس کو مجھ سے اور دور کر دے مجھے اس سے اور مقدر کر میرے لئے خیر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



حَيْثُ كَانَ ثُمَّ أَرْضِنِي بِهِ[1]

جہاں کہیں ہو پھر اُس پہ راضی کر دے۔

# صبح وشام کی دُعائیں

## ۱۔ اٰیۃ الکرسی:۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح کے وقت آیت الکرسی پڑھ لے تو شام تک جنوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ اور جو شام کو پڑھ لے وہ صبح تک جنوں سے محفوظ ہو جاتا ہے[2]

## ۲۔ آخری تین قُل شریف:۔

**فضیلت** جو شخص سورۃ اخلاص، فلق اور ناس صبح و شام تین مرتبہ پڑھے گا تو یہ سورتیں اسے ہر چیز سے محفوظ رکھتی ہیں[3]

۳۔ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّي لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ خَلَقْتَنِي

اے اللہ! آپ میرے رب ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ آپ نے مجھے بنایا

وَأَنَا عَبْدُكَ وَأَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا

اور میں بندہ ہوں آپ کا۔ اور میں آپ سے کئے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم ہوں اپنی

اسْتَطَعْتُ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ أَبُوْءُ

طاقت کے مطابق۔ آپ کی پناہ چاہتا ہوں بُرے کاموں کے وبال سے جو میں نے کئے ہیں۔ مجھے

[1] صحیح بخاری ۱/۱۵۵ [2] صحیح ترغیب و ترہیب، المستدرک ۱/۵۶۲ [3] صحیح ترمذی ۳/۱۸۲۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَأَبُوءُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي

اقرار ہے اُس احسان کا جو مجھ پر آپ کا ہے اور مجھے اعتراف ہے اپنے گناہوں کا بس بخش دیجیو میرا گناہ

فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ۔

کیونکہ کوئی نہیں بخشتا گناہ آپ کے سوا۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یقین کے ساتھ ان کلمات کو شام کے وقت پڑھ لے اور اُسی رات فوت ہو جائے تو وہ جنت میں داخل ہو گا۔ اور اگر صبح کے وقت پڑھے پھر شام تک فوت ہو جائے تو وہ جنت میں داخل ہو گا۔

۴۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

مجھے اللہ کافی ہے اُس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا ہے

وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

اور وہی عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح اور شام سات مرتبہ یہ کلمات پڑھے گا اللہ تعالیٰ اُسے دُنیا اور آخرت کے ان تمام کاموں سے کافی ہو جاتا ہے جو اسے فکر مند کرتے ہیں۔

۵۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي

شروع اللہ کے نام سے نہیں نقصان دے سکتی اُس کے نام کی برکت سے کوئی چیز

لہ صحیح بخاری ۲/۹۳۳ ۵۲ عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی حدیث ۷۱

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ [1]

زمین میں اور نہ آسمان میں اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ان کلمات کو ہر صبح اور شام تین مرتبہ پڑھے گا اسے کوئی چیز نقصان نہ پہنچائے گی۔

۶۔ رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّ

میں راضی ہوں اللہ کے رب ہونے پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے رسول ہونے پر اور

بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا۔

اسلام کے دین ہونے پر۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ دعا تین مرتبہ ہر صبح اور تین مرتبہ ہر شام کو پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ پر حق ہو جاتا ہے کہ اسے راضی کرلے [2]

۷۔ سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ۔

پاک ہے اللہ اور اپنی تعریف کے ساتھ۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ایک دن میں سو مرتبہ یہ کلمات کہے گا تو اس کے گناہ سمندر کی جھاگ کے برابر بھی ہوں گے تو اللہ تعالیٰ معاف کردے گا۔ (بخاری ۹۴۸/۲)۔

ایک روایت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سو مرتبہ صبح اور سو مرتبہ

---

[1] صحیح ترمذی ۱۴۱/۳ [2] ترمذی مع التحفہ ۲۲۸/۴۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



شام کو پڑھے گا، قیامت کے دن کوئی شخص اُس سے بہتر چیز لے کر نہ آئے گا جو یہ شخص لے کر آیا، سوائے اُس کے جو اس کی مثل کہے یا اس سے زیادہ کہے۔[1]

۸۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اُسی کا

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ يُحْيِىْ وَيُمِيْتُ

مُلک ہے اور وہی حمد کے لائق ہے بھلائی اسی کے ہاتھ میں ہے۔ وہی زندگی دیتا ہے اور وہی

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

مارتا ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

**فضیلت** جو شخص یہ کلمات دن میں سو مرتبہ کہے اُس کو دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا، سو نیکی لکھی جائے گی۔ اور اُس کے سو گناہ معاف ہوں گے۔ اور وہ شام تک شیطان سے محفوظ رہے گا اور کوئی شخص اُس سے بہتر عمل لے کر نہیں آئے گا مگر جس نے اُس سے زیادہ عمل کیا۔[2]

۹۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔

بخشش مانگتا ہوں اللہ سے اور توبہ کرتا ہوں اُس کی طرف۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اِسے روزانہ سو مرتبہ پڑھتے تھے۔[3]

۱۰۔ **درود شریف** (درودِ ابراہیمی یا یہ کلمات پڑھ لیجیے)؛

[1] مسلم ۲/۳۴۴ [2] صحیح بخاری ۱/۴۶۵ [3] صحیح مسلم ۲/۳۴۶۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام کو مجھ پر درود پڑھے گا اُسے روزِ قیامت میری سفارش نصیب ہوگی۔[1]

# رات کو سوتے وقت کے وظائف

۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو تب سوتے تھے جب سورت سجدہ اور سورت ملک پڑھ لیتے تھے۔[2]

## ۲۔ آیت الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ

اللہ، نہیں ہے کوئی معبود مگر وہی۔ زندہ ہے تھامنے والا۔

لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

نہیں آتی ہے اُس پر اُونگھ اور نہ نیند۔ اُسی کا ہے جو آسمانوں میں ہے

وَمَا فِی الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ

اور جو زمین میں ہے، کون ہے وہ جو سفارش کر سکے اس کے ہاں

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ

مگر اُس کی اجازت سے، جانتا ہے سب جو اُن کے سامنے ہے اور جو اُن کے پیچھے۔

[1] صحیح ترغیب و ترہیب ۱/۲۷۳ [2] صحیح ترمذی ۳/۲۵۵

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ

اور نہیں احاطہ کرسکتے کسی چیز کا اس کی معلوم چیزوں سے مگر جس قدر وہ چاہے۔

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ ۖ وَلَا يَئُودُهُ

چھائی ہوئی ہے اُس کی کُرسی آسمانوں پر اور زمین پر۔ اور نہیں تھکاسکتی اُس کو

حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ○

حفاظت ان دونوں کی۔ اور وہ بلند ہے عظمت والا۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بستر پہ بیٹھے، پھر آیۃ الکرسی پڑھے تو صبح تک اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک محافظ مقرر ہوگا اور شیطان قریب نہ آئے گا۔[1]

۳۔ سورت بقرہ کی آخری دو آیتیں:

آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مِن رَّبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ ۚ

ایمان لایا رسول جو کچھ نازل کیا گیا اُس کے رب کی طرف سے اور مومن بھی۔

كُلٌّ آمَنَ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ لَا

ہر ایک ایمان لایا اللہ اور اُس کے فرشتوں اور اُس کی کتابوں اور اُس کے رسولوں کے ساتھ

نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّن رُّسُلِهِ ۚ وَقَالُوا سَمِعْنَا

نہیں فرق کرتے ہم درمیان کسی ایک کے اُس کے رسولوں میں سے۔ اور کہا انھوں نے ہم نے سنا

[1] بخاری ۱/۳۱۰۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَ اَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا

اور ہم نے مانا تیری بخشش چاہیے اے ہمارے رب! اور تیری طرف جانا ہے۔ نہیں

يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ

تکلیف دیتا اللہ کسی جان کو مگر اُس کی طاقت کے مطابق۔ اُس کے حق میں ہے جو اُس نے کیا

وَ عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ

اور اس کے خلاف ہے جو اُس نے کیا۔ اے رب! نہ پکڑ ہمیں اگر ہم

نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا

بھول گئے یا خطا کی۔ اے رب ہمارے! اور نہ ڈال ہم پر بوجھ

كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا

جس طرح تُو نے ڈالا اُن پر جو ہم سے پہلے تھے۔ اے ہمارے رب!

تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَ اعْفُ عَنَّا ۫ وَ

نہ تکلیف دینا ہمیں جو نہ ہمت ہو ہم میں اور درگذر فرما ہم سے اور

اغْفِرْ لَنَا ۫ وَ ارْحَمْنَا ۫ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا

معاف کر ہمیں۔ اور رحم کر ہم پر۔ تُو ہمارا مولیٰ ہے پس فتح دے

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ع

ہمیں قوم کافر پر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رات کو سورت بقرہ کی آخری دو آیتیں پڑھے گا اسے (ہر پریشانی سے) کافی ہوں گی۔[1]

## ۴۔ آخری تین سورتیں۔ فضیلت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو بستر پر تشریف رکھتے تو سورۃ اخلاص اور سورۃ فلق اور سورۃ ناس پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر پھونک مارتے اور ہاتھوں کو جسم کے اُن حصّوں پر پھیرتے جہاں ممکن ہوتا۔ یہ عمل تین بار کرتے تھے۔[2]

## ۵۔ تسبیحات

سُبْحٰنَ اللّٰہِ ۳۳ مرتبہ - اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ مرتبہ - اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴ مرتبہ

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا۔ میں تمھیں ایسا عمل بتاؤں جو تمھارے لئے خادم سے بہتر ہو؟ جب تم بستر پر بیٹھ جاؤ تو یہ وظیفہ کرو۔[3]

۶۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو سونے کا ارادہ کرتے تو وضو کرتے۔ داہنی ہتھیلی کو دائیں رخسار کے نیچے رکھ کر دائیں پہلو لیٹ جاتے۔ پھر یہ کلمات پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی[4]

اے اللہ! تیرے نام کے ساتھ مرتا ہوں اور زندہ ہوں گا۔

# خاص موقعوں کی دُعائیں

## کھانے پینے سے پہلے کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ

ساتھ نام اللہ کے

[1] صحیح بخاری ۲/۵۵، [2] صحیح بخاری ۲/۵۰، [3] صحیح بخاری مع الفتح ۱/۰، [4] صحیح بخاری ۲/۹۳۴

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اور اگر بھول جائیں تو یہ پڑھیں: بِسْمِ اللّٰهِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ۔[1]

اللہ کے نام سے شروع (کھانے کے) اول بھی اور آخر بھی

## کھانے پینے کے بعد کی دُعاء

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ

اُس اللہ کی سب تعریف ہے جس نے

أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔[2]

ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا ۔

## دُودھ پینے کی دُعاء

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ۔[3]

اے اللہ! ہمارے لئے اِس میں برکت دے اور اس سے زیادہ دے

## کھانا کھلانے والے کیلئے دُعاء

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا

اے اللہ! برکت کر اِن کے لئے جو

رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ۔ اَللّٰهُمَّ أَطْعِمْ

تُو نے رزق دیا اور معاف کر اُن کو اور رحم کر اُن پر ۔ اے اللہ! کھلا

مَنْ أَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ۔

جس نے مجھے کھلایا اور پلا جس نے مجھے پلایا[4]

[1] صحیح ترمذی ۱۶۷/۲ [2] ترمذی مع التحفہ ۲۴۷/۴ [3] صحیح ترمذی ۱۵۹/۳ [4] مسلم ۱۸۴،۱۸۰/۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## نیند سے جاگتے وقت کی دُعا

۱۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ
اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں

اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ۔
مارنے کے بعد زندگی دی اور اُسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔

۲۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ
اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں اسی کی

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔
بادشاہی ہے اور وہی سزاوار حمد وثنا ہے۔ اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔

سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
اللہ پاک ہے اور تمام تعریفوں کے لائق ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ
اور اللہ بہت بڑا ہے۔ نہیں ہے طاقت نقصان سے بچنے کی اور فائدہ حاصل کرنے کی مگر اللہ

الْعَظِیْمِ۔
بلند و عظیم کے ساتھ

پھر اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ کہے یا کوئی اور دعا کرے۔

---

[1] صحیح بخاری ۲/۹۳۴۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو شخص رات کو کسی بھی وقت بیدار ہو اور یہ کلمات پڑھے پھر اپنے لئے مغفرت کی دُعا کرے یا کوئی اور دُعا کرے گا تو اس کی دُعا قبول ہوگی۔ اگر اٹھ کر وضو کرے اور نماز پڑھے گا۔ تو اس کی نماز قبول ہوگی[1]

## قضائے حاجت سے پہلے کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ

(اللہ کا نام لے کر (میں داخل ہوتا ہوں)

اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ[2]

اے اللہ! میں پناہ میں آتا ہوں آپ کی ناپاک جنوں اور جننیوں سے۔

## قضائے حاجت کے بعد کی دُعا

غُفْرَانَكَ[3]

(الٰہی) میں آپ سے بخشش چاہتا ہوں۔

## چھینک سے متعلق ذکر

جسے چھینک آئے وہ کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور سننے والا کہے يَرْحَمُكَ اللّٰهُ چھینک لینے والا

تعریف اللہ کیلئے — اللہ تجھ پر رحم کرے

پھر جواباً کہے: يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ[4]

اللہ تمھیں ہدایت دے اور تمھاری حالت درست کرے۔

[1] صحیح بخاری ۱/۱۵۵ [2] صحیح بخاری ۲/۹۳۶ [3] صحیح ترمذی ۱/۵ [4] صحیح بخاری ۲/۹۱۹

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## شادی کرنے والے کے لئے دعاء

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَ
برکت کرے اللہ تعالیٰ تیرے لئے اور

بَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِي خَيْرٍ۔[۱]
برکت کرے تجھ پر اور جمع رکھے تمھیں خیر میں۔

## بیوی سے صحبت کی دعاء

بِسْمِ اللّٰهِ جَنِّبْنَا
اللہ کے نام سے۔ اے اللہ! دُور رکھ ہم کو

الشَّيْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّيْطٰنَ مَا رَزَقْتَنَا۔[۲]
شیطان سے اور دُور رکھ شیطان کو اُس چیز سے جو آپ ہم کو عطا فرمائیں۔

**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اگر اللہ نے یہ دعاء پڑھنے والے کو اس ملاقات کے نتیجے میں اولاد دی تو شیطان اُسے نقصان نہ پہنچائے گا۔

## مجلس کے گناہوں کے کفّارہ کی دعاء

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ
پاک ہے تو اے اللہ

وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ
اور اپنی خوبیوں کے ساتھ، میں گواہی دیتا ہوں کوئی معبود نہیں آپ کے سوا

اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔
میں آپ سے بخشش چاہتا ہوں اور آپ کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

[۱] صحیح ترمذی ۳۱۶/۱ [۲] بخاری ۹۴۵/۲۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**فضیلت** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو شخص مجلس سے اٹھتے وقت یہ دعاء پڑھ لے گا اس کی وہ تمام خطائیں اور لغویات معاف ہو جائیں گی جو اس سے اس مجلس میں سرزد ہوئی ہیں۔[۱]

**سوار ہونے کی دعاء**

اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ،

اللہ بہت بڑا ہے ، اللہ بہت بڑا ہے ، اللہ بہت بڑا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ

اللہ کے نام کے ساتھ ، تعریف اللہ کی ہے ، پاک ہے وہ جس نے ہمارے بس میں کر دی

لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ۝ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا

یہ سواری اور نہ تھے ہم اس کو قابو میں لانے والے ۔ اور بیشک ہم اپنے رب کی طرف

لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝

ضرور لوٹ کر جانے والے ہیں ۔

**سفر کی دعاء**

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا

پاک ہے وہ جس نے ہمارے بس میں کر دی یہ سواری اور نہ تھے

كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَ اِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝

ہم اس کو قابو میں لانے والے ۔ اور بیشک ہم اپنے رب کی طرف ضرور لوٹ کر جانے والے ہیں

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى

اے اللہ ! ہم طلب کرتے ہیں آپ سے اس سفر میں نیکی اور پرہیزگاری

[۱] صحیح ترمذی ۱۵۳/۳ ؎۲ مسلم ۹۷۸/۲ ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا

اور وہ عمل جسے آپ پسند کریں۔ اے اللہ آسان کر دے ہم پر

سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِلَنَا بُعْدَهٗ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ

ہمارا یہ سفر اور کم کر اسکی دوری۔ اے اللہ آپ ہی سفر میں

فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ

ساتھی ہیں۔ اور خلیفہ (کارساز) گھر میں۔ اے اللہ! میں پناہ میں آتا ہوں

بِكَ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ

آپ کی سفر کی تکلیف سے اور پریشان حالت کے دیکھنے سے اور سفر سے

الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْاَهْلِ[1]

پلٹنے کی برائی سے مال اور گھر میں۔

## سفر سے واپسی کی دعا

آئِبُوْنَ ۔ تَآئِبُوْنَ ۔

ہم واپس آنیوالے ہیں۔ توبہ کرنے والے،

عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ[2]

عبادت کرنیوالے ہیں، اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں۔

---

[1] ایضاً [2] بخاری ۲/۹۴۵۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



**بازار میں داخل ہونے کی دعاء**

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ
اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے۔

لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَ
اُس کا کوئی شریک نہیں اُسی کا مُلک ہے اور اُسی کی تعریف ہے وہ زندہ کرتا ہے

یُمِیْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ وَهُوَ
اور مارتا ہے۔ اور وہ زندہ ہے کبھی نہیں مرے گا بھلائی اُسی کے ہاتھ میں ہے اور وہ

عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ[۱]
ہر چیز پر قادر ہے۔

**مسافر کے لئے دعاء**

اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِیْنَكَ وَ
میں سونپتا ہوں اللہ کو تیرا دین اور

اَمَانَتَكَ وَخَوَاتِیْمَ عَمَلِكَ[۲]
تیری امانت اور تیرا آخری عمل۔

**نیا کپڑا پہننے کی دعاء**

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ
سب تعریف اللہ کیلئے جس نے پہنایا مجھے یہ

هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ[۳]
اور مجھے عطا کیا بغیر میری طاقت کے اور قوت کے۔

[۱] صحیح ترمذی ۳/۱۵۲ [۲] صحیح ترمذی ۳/۱۵۵ [۳] ابوداؤد ۴/۷۵۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## کپڑا اتارے تو یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ ؁

ساتھ نام اللہ کے۔

## آئینہ دیکھنے کی دُعا

اَللّٰهُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِيْ

اے اللہ! آپ نے جیسی میری صورت اچھی بنائی

فَحَسِّنْ خُلُقِيْ ؂

میری سیرت بھی اچھی بنا دے۔

## بارش کی دُعائیں

۱۔ اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُّغِيْثًا مَّرِيْئًا

اے اللہ! ہمیں دے بارش مدد کرنے والی، خوشگوار،

مَّرِيْعًا نَّافِعًا غَيْرَ ضَآرٍّ عَاجِلًا غَيْرَ اٰجِلٍ ؃۔

سرسبز کرنے والی، مفید، نہ نقصان دہ، جلدی نہ دیر سے ہو۔

۲۔ اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا، اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا، اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا ؄۔

اے اللہ! ہمیں بارش دے، اے اللہ! ہم کو بارش دے، اے اللہ! ہمیں بارش دے۔

۳۔ اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَآئِمَكَ وَانْشُرْ

الٰہی! پانی پلا اپنے بندوں کو اور اپنے چوپایوں کو اور پھیلا دے

رَحْمَتَكَ وَاَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ ؅

اپنی رحمت کو اور زندہ کر اپنے مُردہ شہر کو۔

(حوالہ جات اگلے صفحہ پر)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## مرغ بولنے، گدھا ہینگنے کے وقت کی دعاء

مرغ فرشتے کو دیکھتا ہے لہٰذا اسکی آواز سن کر پڑھئے

**اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ۔**

الٰہی! میں آپ کا فضل چاہتا ہوں۔

اور گدھے کی آواز سن کر یہ پڑھا جائے کیونکہ گدھا شیطان کو دیکھ کر بولتا ہے:

**اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ**

میں پناہ چاہتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے۔

## روزہ افطار کرنے کی دعاء

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، روزہ دار کے لئے روزہ افطار کرتے وقت ایک دعاء ہے جو رد نہیں کی جاتی (لہٰذا جو چاہے دعاء کرے)۔

**ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ**

چلی گئی پیاس اور تر ہوگئیں رگیں اور ثابت ہوگیا ثواب

**اِنْ شَآءَ اللّٰهُ۔**

اگر اللہ چاہے۔

(حوالہ جات صفحہ سابقہ) ۱؎ صحیح ترمذی ۵۵/۲، صحیح الجامع للالبانی ۲۰۳/۲ ۲؎ ارواء الغلیل للالبانی، سنن بیہقی ۳؎ ابو داؤد ۴۵۴/۱ ۴؎ بخاری ۱۳۷/۱ ۵؎ ابو داؤد ۵۷/۱۔

(حوالہ جات صفحہ ہٰذا) ۱؎ صحیح مسلم ۳۵۱/۲ ۲؎ ابو داؤد ۲۶۸/۲۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**لیلۃ القدر کی دُعاء**

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ

اے اللہ! بیشک تُو معاف کرنے والا ہے، پسند کرتا ہے معافی کو

فَاعْفُ عَنِّیْ ۵۱

پس معاف کر دے مجھے۔

**نیا چاند دیکھنے کی دُعاء**

